Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۱۳	بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم	جلد ۳۴

مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۶ شوال ۱۳۴۹ھ مطابق ۷ مارچ ۱۹۳۱ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	تعداد صفحہ
۱	برخاستگی لیڈی ڈاکٹر گھوش	۱
۲	رخصت قاضی صاحب شہر	۱
۳	تقرر احمد علیخان انگلش کلرک	۱

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۵ مارچ ۱۹۳۱ء

لیڈی ڈاکٹر گھوش کو دس بارہ روز قبل سفر دہلی میں ہمراہ رکاب چلنے کیلئے حکم دیا گیا تھا جس پر لیڈی ڈاکٹر مذکورہ نے کوئی عذر وغیرہ پیش نہیں کیا لیکن آج عین وقت روانگی جانے سے انکار اور عذر کیا جو ہر ملازم کو بہت ناگوار ہے۔ لہذا لیڈی ڈاکٹر گھوش کو ملازمت سے برخاست کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

[illegible] صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۵ مارچ ۱۹۳۱ء۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۴ مارچ ۱۹۳۱ء

مثل عرضی سید حامد شاہ صاحب قاضی شہر باستدعائے عطائے رخصت دو ماہ برائے روانگی کلکتہ و دیگر اضلاع بنگال بذمہ داری سید احمد شاہ پسر خود در ایام رخصت۔

حکم

قاضی شہر سید حامد شاہ کی دو ماہ کی رخصت منظور رہے ایام رخصت میں سید احمد شاہ انکے کام کے ذمہ دار ہیں عرضی ہذا بغرض کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۴ مارچ ۱۹۳۱ء۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

واقع ۵ مارچ ۱۹۳۱ء

مثل ڈی او صاحب ہوم منسٹر بہادر دربارہ منظوری تقرر احمد علیخان انٹرنس پاس انگلش کلرک و ٹائپسٹ برائے دفتر انگریزی بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار از یکم مارچ ۱۹۳۱ء۔ حکم

باتباع حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم مجریہ ۲۵ فروری ۱۹۳۱ء احمد علیخان انگلش کلرک کا تقرر بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار حسب تحریر صاحب ہوم منسٹر بہادر منظور رہے۔ یکم مارچ ۱۹۳۱ء سے حاضر آمد کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

(مطبوعہ سرکاری پریس رامپور)